احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

روزنامہ **الفضل**

ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

ہفتہ 30 جون 2001ء 7 ربیع الثانی 1422 ہجری-30 احسان 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 145

## استغفار کی درخواست

اُسَیر بن جابرؓ بیان کرتے ہیں- کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بہترین تابعی اویس ہے- جو اپنی والدہ کا بہت فرمانبردار ہے جب تم اس سے ملو تو اس سے استغفار کی درخواست کرنا- چنانچہ حضرت عمرؓ کی درخواست پر حضرت اویس قرنی نے ان کے لئے مغفرت کی دعا کی-

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فضائل اویس حدیث نمبر 4613، 4614)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک شخص نے حضرت صاحب کی خدمت میں عرض کی کہ دنیا میں لوگ بہت گنہگار ہوں گے مگر میرے جیسا گنہگار تو کوئی نہ ہوگا- میں نے بڑے بڑے سخت گناہ کئے ہیں- میری بخشش کس طرح ہوگی؟

حضرت نے فرمایا:

خدا تعالیٰ جیسا غفور اور رحیم کوئی نہیں- اللہ تعالیٰ پر یقین کامل رکھو کہ وہ تمام گناہوں کو بخش سکتا ہے اور بخش دیتا ہے- خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر دنیا بھر میں کوئی گنہگار نہ رہے تو میں ایک اور امت پیدا کروں گا جو گناہ کرے اور میں اس کے گناہ بخش دوں- اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام غفور ہے اور ایک رحیم- یاد رکھو کہ گناہ ایک زہر ہے اور ہلاکت ہے مگر توبہ اور استغفار ایک تریاق ہے- قرآن شریف میں آیا ہے- (-) اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے پیار کرتا ہے جو توبہ کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ پاک ہو جاویں- خدا تعالیٰ نے ہر ایک شے میں ایک حکمت رکھی ہے- اگر آدم گناہ کر کے توبہ نہ کرتا اور خدا تعالیٰ کی طرف نہ جھکتا تو صفی اللہ کا لقب کہاں سے پاتا؟ اگر کوئی انسان ایسا اپنے آپ کو دیکھتا کہ جیسا ماں کے پیٹ سے نکلا ہے اور اپنے اندر کوئی گناہ نہ دیکھتا تو اس کے دل میں تکبر پیدا ہوتا جو تمام گناہوں سے بڑا گناہ ہے اور شیطان کا گناہ ہے- شیطان نے گھمنڈ کیا کہ میں نے کوئی گناہ نہیں کیا اسی واسطے وہ شیطان بن گیا- گناہ جو انسان سے صادر ہوتا ہے وہ نفس کو توڑنے کے واسطے ہے- جب انسان سے گناہ ہوتا ہے تو وہ اپنی بدی کا اقرار کرتا ہے اور اپنے عجز کو یقین کر کے خدا تعالیٰ کی طرف جھکتا ہے- جس طرح مکھی کے دو پر ہیں کہ ایک میں زہر ہے اور دوسرے میں تریاق ہے- حدیث شریف میں ہے کہ اگر تمہارے کھانے پینے کی چیز میں مکھی پڑے تو وہ اپنا صرف ایک پر اس کے اندر ڈبوتی ہے جس میں زہر ہے پر تم اس کو نکالنے سے پہلے اس کا دوسرا پر بھی ڈبو لو کہ وہ اس کے بالمقابل تریاق ہے- یہ مثال انسان کے گناہ اور توبہ کی ہے- اگر گناہ صادر ہو جاوے تو توبہ کرو کہ وہ اس کے واسطے تریاق ہے اور گناہ کے زہر کو دور کر دیتی ہے- عاجزی اور تضرع سے خدا تعالیٰ کے حضور میں جھکو تا کہ تم پر رحم کیا جاوے- اگر گناہ نہ ہوتا تو ترقی بھی نہ ہوتی- جو شخص جانتا ہے کہ میں نے گناہ کیا ہے اور اپنے آپ کو ملزم دیکھتا ہے وہ خدا تعالیٰ کی طرف جھکتا ہے تب اس پر رحم کیا جاتا ہے اور وہ ترقی پکڑتا ہے- لکھا ہے- التائب من الذنب کمن لا ذنب له - گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے کہ گویا اس نے کبھی گناہ کیا ہی نہیں- لیکن توبہ سچے دل کے ساتھ ہونی چاہئے اور نیت صادق کے ساتھ چاہئے کہ انسان پھر کبھی اس گناہ کا مرتکب نہ ہوگا گو بعد میں بہ سبب کمزوری کے ہو جاوے لیکن توبہ کرنے کے وقت اپنی طرف سے یہ پختہ ارادہ اور سچی نیت رکھتا ہو کہ آئندہ یہ گناہ نہ کرے گا- نیت میں کسی قسم کا فساد نہ ہو بلکہ پختہ ارادہ ہو کہ قبر میں داخل ہونے تک اس بدی کے قریب نہ آئے گا تب وہ توبہ قبول ہو جاتی ہے- لیکن خدا تعالیٰ اپنے بندوں کو امتحان میں ڈالتا ہے تا کہ ان کو انعام دیوے- انعام حاصل کرنے کے واسطے امتحانوں کا پاس کرنا ضروری ہے- (ملفوظات جلد پنجم ص 43)

## عجز و انکسار کا مرقع

سیدنا حضرت مسیح موعود نے مندرجہ ذیل مکتوب اپنے قلم مبارک سے 28- مارچ 1884ء کو صوفی احمد جان صاحب لدھیانوی کے نام رقم فرمایا:-

"یہ عاجز سخت ناکارہ اور حقیر ہے- اور حضرت ارحم الراحمین کا سراسر منت اور احسان ہے کہ اس نالائق پر بغیر ایک ذرہ استحقاق کے تفضلات کثیرہ کی بارش کر رہا ہے- قصور پر قصور پاتا ہے اور احسان پر احسان کرتا ہے- اور ظلم پر ظلم دیکھتا ہے- اور انعام پر انعام کرتا ہے- فی الحقیقت وہ نہایت رحیم و کریم ہے- ایسی زباں کہاں سے لاؤں جو اس کا شکر ادا کر سکوں- یہ عاجز ہیچ اور ذلیل اور بے بضاعت اور سراسر مفلس ہے- اس نے خاک میں مجھے پایا- اور اٹھا لیا- اور نالائق محض دیکھا- اور میری پردہ پوشی کی- میرے ضعف پر نظر کر کے مجھ کو آپ قوت دی- اور میری نادانی کو دیکھ کر مجھ کو آپ علم بخشا- میرے حال پر وہ عنایتیں کیں- جن کو میں گن نہیں سکتا- اور اس کی عنایات کا ایک یہ ظہور ہے کہ آپ جیسے بزرگ بھائیوں کے دلوں میں اس احقر کی محبت ڈال دی- سو اس کے احسانات سے تعلق ہے کہ اس حب کو ترقی دے گا- اور وہ ان سب پر فضل کرے گا- جن کو اس مسلک میں منسلک کیا ہے-

اس خط کے تحریر کے بعد یہ شعر کسی بزرگ کا الہام ہوا-

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

(الحکم 28- فروری 1934ء صفحہ 10)

سلسلہ احمدیہ میں صوفی احمد جان صاحب لدھیانوی کو یہ ممتاز خصوصیت حاصل ہے کہ اگرچہ آپ کا انتقال بیعت اولی (23- مارچ- 1889ء) سے قبل ہوا مگر حضرت مسیح موعود نے انہیں مبایعین میں شامل فرماتے ہوئے ازالہ اوہام حصہ دوم طبع اول 792 مطبوعہ 1891ء میں تحریر فرمایا-

"اگرچہ حضرت موصوف اس عاجز کے شروع سلسلہ بیعت سے پہلے ہی وفات پا چکے لیکن یہ امر ان کے خوارق میں سے دیکھتا ہوں کہ انہوں نے بیت اللہ کے قصد سے چند روز پہلے اس عاجز کو ایک خط ایسے انکسار سے لکھا جس میں انہوں نے اپنے تئیں اپنے دل میں سلسلہ بیعت میں داخل کر لیا"

قسط دوم آخر

مرتبہ: ہومیوڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

# سر درد کی مختلف کیفیات اور ان کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ہومیوپیتھی علاج بالمثل'' کی روشنی میں

### ھیڈی اوما Hedeoma

سر میں صبح کے وقت بھاری پن یا ایسا درد جیسے کسی نے زخم لگا دیا ہو۔ کمزوری زیادہ جسے لیٹنے سے آرام آتا ہے۔(ص425)

### ھیلی بورس Helle Borus Niger

ھیلی بورس میں سر کا درد اندر سے باہر کی جانب حرکت کرتا ہے۔ پیشانی اور آنکھوں پر سخت دباؤ ہوتا ہے۔ آنکھیں اوپر چڑھ جاتی ہیں درد کے اثر سے آنکھیں بھینگی ہو جاتی ہیں۔ روشنی سے بہت زود حسی ہوتی ہے۔ سر میں بھاری پن اور اندر گہرائی میں گرمی کا احساس ہوتا ہے۔ مریض درد کی شدت سے کراہتا ہے۔(ص432)

### ھائیڈراسٹس Hydrastis

ھائیڈراسٹس عموماً بوڑھے، نحیف اور جلد تھکنے والے لوگوں کی بیماریوں میں نمایاں اثر کرنے والی دوا ہے۔ اس کا مریض پژمردہ رہتا ہے۔ اسے اپنی جلد موت کا یقین سا ہو جاتا ہے بلکہ مرنے کی تمنا بھی رکھتا ہے سست رو اور پست ہمت ہوتا ہے پیشانی میں درد بھی ایک نمایاں علامت ہے۔ جو اکثر قبض کی وجہ سے ہوتا ہے کھوپڑی اور گردن کے پٹھوں میں درد ہوتا ہے۔(ص448)

### اگنیشیا Ignatia

اگر اس کی مریض عورت کسی مجلس میں جائے اور وہاں اسے کوئی طعنہ دیا جائے یا اس کا مذاق اڑایا جائے تو وہ خاموشی سے برداشت تو کر لے گی اور کوئی جواب نہیں دے گی لیکن گھر واپس آکر اسے شدید سر درد ہو گا اور اعصابی تناؤ اور بے چینی محسوس ہو گی۔ ایسی کیفیت میں اگنیشیا کی ایک ہی خوراک اسے سکینت بخشے گی اور اسے جذبات دبانے کے بد اثرات سے محفوظ رکھے گی۔(ص463)

### آئرس ٹینکس Iris Tenax

سر درد عموماً دائیں آنکھ پر اپنا مقام بناتا ہے۔ ہفتہ میں ایک دفعہ سر درد کا دورہ ہوتا ہے۔(ص480)

### کالی بائیکروم Kali Bichromicum

کالی بائی کروم کے سر درد میں گرم مشروب سے آرام آتا ہے رات کو درد میں اضافہ ہوتا ہے جو آدھی رات کے کچھ دیر بعد بہت زیادہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔(ص487)

کالی بائیکروم میں اکثر درد بائیں طرف ہوتے ہیں لیکن دائیں طرف بھی ہو سکتے ہیں زیادہ تر سر درد اور چہرے کا اعصابی درد بائیں طرف ہی رہتا ہے۔ سر درد کے ساتھ متلی بھی ہوتی ہے۔ چند دنوں کے وقفہ سے درد عود کر آتا ہے اور یہ درد شقیقہ کے لئے بھی اچھی دوا ہے۔(ص488)

### کالی کارب Kali Carbonicum

نزلہ شروع ہو جائے تو عموماً سر میں بھی درد ہونے لگتا ہے۔ سر اگر خالی خالی اور کھوکھلا سا محسوس ہو اور پھر درد ہو تو کالی کارب کی خاص علامت ہے۔(ص498)

### کالی سلف Kali Sulphuricum

کالی سلف میں سر درد حرکت سے بڑھ جاتا ہے۔ کھلی ہوا میں آرام محسوس ہوتا ہے۔ یہ درد آنکھوں، پیشانی اور سر کی دونوں اطراف میں پھیل جاتا ہے۔ سر پر تنگی اور گھٹن کا احساس ہوتا ہے۔(ص517)

### لیک ڈیفلوریٹم Lac Defloratum

لیک ڈیف میں سر درد کے ساتھ کھلا پیشاب آتا ہے جو جلسیمیم کی بھی یہ علامت ہے۔(ص536)

### لیکسس Lachesis

لیکسس کا مریض بہت ٹھنڈا ہوتا ہے خصوصاً اس کے پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوتے ہیں مگر گرم پانی سے تکلیف بڑھتی ہے خصوصاً سر کی علامتیں بہت بڑھ جاتی ہیں۔ خون کا دباؤ شدید محسوس ہوتا ہے اور لگتا ہے سر پھٹ جائے گا لیکسس میں بیلاڈونا کی طرح خون کا دباؤ ایک طرف زیادہ ہو جاتا ہے۔ بیلاڈونا میں مختلف اعضاء میں خون کا دباؤ بڑھ سکتا ہے ضروری نہیں کہ سر کی طرف ہی دباؤ کا رجحان ہو مگر لیکسس میں دوران خون زیادہ ہونے کا خاص مقام سر ہے۔ خون کا اجتماع تیزی سے سر کی طرف ہو جاتا ہے اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ درد کے ساتھ باندھے جانے کا احساس ہوتا ہے جیسے کسی نے سر کے اوپر کپڑا کس دیا ہو۔ لیکسس کی علامتیں رکھنے والے بعض مریض گرم پانی سے نہانے کے دوران بے ہوش بھی ہو جاتے ہیں۔(ص543) لیکسس میں سر درد بھی ہمیشہ بائیں طرف سے شروع ہوتا ہے اور گدی تک پھیل جاتا ہے کنپٹی پر بہت دباؤ ہوتا ہے اور جبڑا بھی متاثر ہوتا ہے۔ جلسیمیم بھی اس قسم کے سر درد کے حملوں میں بہت مفید ہے لیکن اس میں درد سر کے پیچھے کندھوں میں اترتا ہے اور پیٹھ کے عضلات تک پھیل جاتا ہے صرف گدی کے ایک طرف محدود نہیں رہتا۔(ص546)

### سورائینم Psorinum

اس دوا میں ایک خاص نشان یہ ہے کہ جب بھی نزلہ بند ہو گا سر میں درد شروع ہو جاتا ہے یعنی سر درد اور نزلہ آپس میں ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔(ص549)

سورائینم میں سر درد نزلہ سے ادلتا بدلتا رہتا ہے اس کیفیت میں برائی اونیا اور رسٹاکس بھی مفید ہے۔(ص684)

### لاروسیسراسس Laurocerasus

سر میں شدید درد کے ساتھ پیشانی میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔ شدید پیاس لگتی ہے بھوک ختم ہو جاتی ہے۔(ص556-557)

### للیئم ٹگرینم Lilium Tigrinum

سر درد عموماً ماتھے پر رہتا ہے، روشنی ناقابل برداشت ہوتی ہے اور نظر کمزور ہو جاتی ہے۔ وقتی اندھا پن بھی پیدا ہو جاتا ہے۔(ص566)

### ملیریا آفیشی نیلس Malaria officinalis

یہ دوا ملیریا بخار اور اس کے بد اثرات میں مفید ہے۔ سر درد، متلی، جسم میں دردیں، معدے میں بے چینی اس کی خاص علامات ہیں۔(ص575)

### مینگنیم Manganum Aceticum

اگر سل کے مریض میں خون کی کمی کی وجہ سے سر میں درد ہو تو ایسے سر درد میں مینگنیم مفید ہو سکتی ہے۔ اس میں دردیں سوئی کی چبھن کی طرح ہوتی ہیں جیسے کسی نے ٹانکہ بھر دیا ہو۔(ص580)

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوجیوں کی مجاہدین کے ساتھ جھڑپوں میں دو بھارتی ایجنٹوں سمیت 19 بھارتی فوجی ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے- بارہ مولا کے علاقے گوریز میں مجاہدین کے ساتھ جھڑپ میں 8 بھارتی فوجی ہلاک ہوئے-

## کشمیر پر ثالثی نہیں، تعاون کے لئے تیار ہیں

امریکہ نے ایک مرتبہ پھر پیشکش کی ہے کہ اگر پاکستان اور بھارت چاہیں تو وہ مسئلہ کشمیر کے پرامن تصفیہ میں تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں- بھارت کے لئے امریکی سفیر رابرٹ بلیک ول نے سینٹ کی خارجہ تعلقات کی کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ کشمیر کے مسئلہ میں ثالثی کا کردار نہیں ادا کرنا چاہتا لیکن اگر دونوں فریق یہ چاہتے ہیں کہ ہم مذاکرات ہو سکتے ہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں-

## غربت کے خاتمے کے لئے جامع منصوبہ

ماحول، بلدیات اور سمندر پار پاکستانیوں کے وفاقی وزیر عمر اصغر خان نے کہا ہے کہ حکومت ملک کی معاشی ترقی اور غربت کے خاتمے کے لئے ایک جامع منصوبہ پر کام کر رہی ہے- اور اس سلسلہ میں جلد ایک سکیم کابینہ کے سامنے پیش کی جائے گی- انہوں نے پی ٹی وی کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں زرعی اصلاحات سے بے زمین کسانوں اور عام لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا- اس کے علاوہ زرعی پانی کے لئے بھی پالیسی تیار کر لی گئی ہے-

## پاکستان پر قرضوں کا بہت بوجھ ہے

وفاقی وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ چیف ایگزیکٹو کے صدر بننے سے موجودہ حکومت کی اصلاحات پر عملدرآمد کو مستقبل میں بھی یقینی بنایا جا سکے گا- ریڈیو تہران کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا پاکستان پر قرضوں کا بوجھ بہت زیادہ ہے- ہم نے قرضوں کے خاتمے کے لئے ایک کمیٹی بنائی ہے اس کمیٹی نے پانچ سالہ منصوبہ بندی کی ہے جس سے ہمیں قرضوں سے نجات ملے گی- اس منصوبہ کے تحت ہمیں برآمدات میں اضافہ کرنا پڑے گا- اس سے ہم غیر ملکی زرمبادلہ میں خود کفیل ہو سکتے ہیں-

## امریکی دفاعی میزائل کے لئے 80- ارب 30 کروڑ ڈالر مختص

محکمہ دفاع پینٹاگون نے سال 2002ء کے لئے 3 کھرب 28- ارب 90 کروڑ ڈالر کا ترمیم شدہ دفاعی بجٹ پیش کر دیا ہے- اور دفاعی بجٹ میں 18- ارب ڈالر اضافہ کا مطالبہ کر دیا- اور امریکی دفاعی میزائل پروگرام کے لئے 80- ارب 30 کروڑ ڈالر مختص کئے گئے ہیں-

## عالمی مالیاتی ادارے پابندیاں اٹھائیں

وفاقی وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ حکومت ملکی معیشت کی بحالی اور استحکام کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے- نئے بجٹ میں امداد دینے والے ممالک اور اداروں کی شرائط کو لاگو کر دیا ہے- لہذا پاکستان پر عائد پابندیاں ختم یا نرم کی جائیں-


ڈسٹری بیوٹر: ذائقہ بناسپتی و کوکنگ آئل
بلال انٹر پرائزز
سبزی منڈی - اسلام آباد
آفس 051-440892-441767
رہائش 051-410090

صحت صرف معیاری ادویات کے ساتھ
بااعتماد ہومیوپیتھک جرمن و لوکل ادویات مثلاً پوٹینسیز - مدر ٹنکچرز بائیوکیمک ادویات نیز گولیاں ٹکیاں شوگر آف ملک اور ہومیوپیتھک کتب بہتر معیار اور مناسب قیمت کے ساتھ 40 سال سے آپ کی خدمت میں کوشاں
کیور یٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی گول بازار ربوہ

ہاضمے کا لذیذ چورن
تریاق معدہ
پیٹ درد، بدہضمی، اپھارہ کے لئے کھانا ہضم کرتا ہے- ہر وقت گھر میں رکھنے والی دوا
(رجسٹرڈ)
تیار کردہ: ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ
Ph:04524-212434 Fax:213966

INSTITUTE OF INFORMATION TECHNOLOGY
THE COURSES OFFERED BY INSTITUTE OF INFORMATION TECHNOLOGY FOLLOWING CATEGORIES.
BASIC COURSE:.
ORACLE OCP.
MCSE 2000.
Auto CAD 14 & 2000.
COREL DRAW, INPAGE, PRINT ARTIST.
SPOKEN ENGLISH COURSE.
TOEFL, IELTS & FOR F.A B.A STUDENTS.
ADDMISSION OPEN
GIVE YOU...
OUR SPECIAL...
04524-211629
6/50 DARUL ALOOM WASTI RABWAH





روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل-61